رول نمبر ______ 189

E-Category

2021 (A)

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - II (کلاس بارہویں)

اردو (لازمی)   پرچہ - دوسرا

وقت = 2.40 گھنٹے

کل نمبر = 80

انشائیہ

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 1 + 1 + 8

کسی قوم کا جب اُلٹتا ہے دفتر
تو ہوتے ہیں مسخ اُن میں پہلے تونگر
کمال اُن میں رہتے ہیں باقی، نہ جوہر
نہ عقل اُن کی ہادی، نہ دین اُن کا رہبر

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 1 + 3 + 3 + 3

نہ تخت و تاج میں، نے لشکر و سپاہ میں ہے
جو بات مردِ قلندر کی بارگاہ میں ہے
صنم کدہ ہے جہاں اور مردِ حق ہے خلیل
یہ نکتہ وہ ہے کہ پوشیدہ لاالٰہ میں ہے
وہی جہاں ہے ترا جس کو تو کرے پیدا
یہ سنگ و خشت نہیں جو تری نگاہ میں ہے

حصہ دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالہ سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 1 + 3 + 10

(الف) مسلمانوں کا نصب العین اسلام ہے۔ وہ اسلام نہیں جس کا ڈنکا مطلق العنان بادشاہوں اور خودغرض اُمرانے بجایا بلکہ وہ اسلام جس کا حامل قرآن ہے، جس نے صرف اُن دیکھے خدا کے آگے سر جھکانا سکھایا۔ وہ اسلام جس کا نمونہ آنحضرت محمّد رسول الله خاتم النَّبِیّن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَاَصْحٰبِهٖ وَسَلَّمْ اور خلفائے راشدین کے عہد میں مسلمانوں کی زندگیوں میں نظر آتا ہے۔ وہ سچائی، وہ دلیری، وہ خوداعتمادی، وہ انکساروامن پسندی، وہ محنت ومساوات، وہ صبر وتقویٰ، وہ مسلم وغیر مسلم سب کی خدمت، سب کے حقوق کا تحفظ، سب سے رواداری اور محبت! یہ ہے پاکستان کے مسلمانوں کا نصب العین۔

(ب) حجّن نے جان لیا کہ اس کو اچھی چاٹ لگ گئی ہے۔ کہا: ” تمہارے ڈھب کی کوئی چیز نکلے تو لاؤں۔“ دو چار دن کے بعد جھوٹے موتیوں کی ایک جوڑی لائی اور کہا: ” لوبی، خود بیگم کی نتھ کے موتی ہیں۔ نہیں معلوم ہزار کی جوڑی ہے یا پانسو کی۔ پنّا مل جوہری کی دکان پر میں نے دکھائی تھی، لٹو ہو گیا۔ دوسو روپے زبردستی میرے پلّے باندھ دیتا تھا۔ میں بیگم سے پچاس روپے میں لائی ہوں۔ تم لے لو۔ پھر ایسا مال نہ ملے گا۔“

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 9

(i) نواب محسن الملک (ii) دستک

5۔ نصاب میں شامل سید ضمیر جعفری کی نظم ” آدمی “ کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ 20

(i) کشمیر ہماری شہ رگ (ii) محسنِ انسانیت (خاتم النَّبِیّن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَاَصْحٰبِهٖ وَسَلَّمْ) (iii) کرونا وائرس اور ہماری ذمہ داریاں

7۔ چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیں جس میں پڑھائی کے ساتھ ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں میں بھی حصّہ لینے کی تلقین کی گئی ہو۔ 10

PAPER CODE NUMBER:4027

2021 (A)

رول نمبر ________

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - II (کلاس بارہویں)

اردو (لازمی) پرچہ - دوسرا

وقت = 20 منٹ

کل نمبر = 20

حصہ معروضی

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اِس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔

(1) امتیاز علی تاج نے '' قرطبہ کا قاضی '' کو کس سرزمین کا واقعہ بنادیا؟ (A) اندلس (B) دمشق (C) تہران (D) لبنان

(2) اختر ریاض الدین کی کار کس ماڈل کی تھی؟ (A) ۱۸۷۲ء (B) ۱۸۴۱ء (C) ۱۸۵۷ء (D) ۱۹۵۰ء

(3) سبق دستک میں ڈاکٹر زیدی نے کتنے برس پہلے کا واقعہ بتایا؟ (A) اٹھارہ بیس (B) انیس بیس (C) دس گیارہ (D) سولہ سترہ

(4) محمد بن قاسم نے اپنے تجربہ کار سالاروں کی کون سی مجلس بنائی؟ (A) مجلس عمل (B) مجلس وحدت (C) مجلس اسلحہ جات (D) مجلس شوریٰ

(5) '' الفاروق '' کے مصنف کا کیا نام ہے؟ (A) مولوی عبدالحق (B) شبلی نعمانی (C) ڈپٹی نذیر احمد (D) سرسید احمد خاں

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔

(6) جلسہ میں کئی مرد اور عورتیں ________ (A) آئے (B) آئیں (C) آیا (D) آؤ

(7) جناب تشریف ________ (A) لایا (B) لائے (C) لائیں (D) لاؤ

(8) جوں جوں وہ میرے قریب آتا گیا ________ میرے دل کی دھڑکن بڑھتی گئی۔ (A) ایسے ویسے (B) سوں سوں (C) ویسے تیسے (D) توں توں

(9) کون سے حروف جوش یا جذبے میں بے ساختہ زبان سے نکل جاتے ہیں؟ (A) حروف فجائیہ (B) حروف تخصیص (C) حروف عطف (D) حروف ربط

(10) اس کے ہوش وحواس ________ (A) جاتے رہے (B) جاتا رہا (C) جاتی رہے (D) جاتے رہی

رموزِ اوقاف کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔

(11) وقف مطلق کا دوسرا نام ہے۔ (A) تفصیلیہ (B) ختمہ (C) قوسین (D) فجائیہ

(12) جملہ معترضہ کے شروع اور آخر میں کون سی علامت آتی ہے؟ (A) سوالیہ (B) فجائیہ (C) واوین (D) قوسین

(13) ؟ کِس کی علامت ہے؟ (A) ندائیہ (B) وقف مطلق (C) استفہامیہ (D) وقف لازم

(14) نصف وقف کی کون سی علامت ہے؟ (A) ، (B) ؛ (C) ! (D) ( )

(15) عبارت میں وقفہ سے کم ٹھہراؤ کے لیے علامت آتی ہے۔ (A) وقف خفیف (B) وقف لازم (C) استفہامیہ (D) تفصیلیہ

امدادی افعال کے صحیح استعمال کے پیشِ نظر درست جواب منتخب کیجیے۔

(16) بیٹھنا (A) وہ اکیلا بیٹھا ہوا ہے۔ (B) بچہ اٹھ بیٹھا۔ (C) میرے ساتھ نہ بیٹھنا۔ (D) وہ صبح سے میرے گھر بیٹھا ہوا ہے۔

(17) ڈالنا (A) اس نے سانپ مار ڈالا۔ (B) چائے ڈالو۔ (C) جیب میں رقم ڈالو۔ (D) میں نے ووٹ ڈال دیا۔

(18) اٹھنا (A) وہ خوشی سے جھوم اٹھا۔ (B) میں صبح سویرے اٹھا۔ (C) اسے جا کر اٹھاؤ۔ (D) اب اٹھ بھی جاؤ۔

(19) نکلنا (A) وہ میرے گھر سے نکل گیا۔ (B) پہاڑ سے چشمہ کا پانی بہہ نکلا۔ (C) سورج نکل رہا ہے۔ (D) دیکھو! چور نکل نہ جائے۔

(20) دینا (A) مجھے دودھ دینا۔ (B) مجھے پیسے دے دو۔ (C) اسے قلم دو۔ (D) اس نے مجھے کتاب دی۔

BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION,MULTAN.
OBJECTIVE KEY FOR INTERMEDIATE ANNUAL EXAMINATION,2021

(191)

Name of Subject: اردو لازمی Session: A/2021

Q.Nos	Paper Code 4021	Paper Code 4023	Paper Code 4025	Paper Code 4027
1	B	A	C	A
2	A	D	A	C
3	C	B	D	A
4	A	A	B	D
5	D	C	A	B
6	A	D	C	B
7	B	A	D	C
8	C	A	A	D
9	D	B	A	A
10	A	C	B	A
11	A	C	D	B
12	B	B	C	D
13	D	A	B	C
14	C	B	A	B
15	B	D	B	A
16	B	A	A	B
17	B	B	A	A
18	A	B	B	A
19	A	B	B	B
20	B	A	B	B

سرٹیفکیٹ بابت تصحیح سوالیہ پرچہ/مارکنگ Key

ہم نے مضمون ___اردو لازمی___ پرچہ ___دوسرا___ گروپ ___پہلا___ انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ سالانہ امتحان 2021ء کا سوالیہ پرچہ انشائیہ ومعروضی (Subjective & Objective) کو بنظر عمیق چیک کرلیا ہے یہ پرچہ ALP Syllabus کے عین مطابق Set کیا گیا ہے۔اس سوالیہ پرچہ میں کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔ہم نے سوالیہ پرچہ کا اردو اور انگریزی Version بھی چیک کرلیا ہے۔یہ Version آپس میں مطابقت رکھتے ہیں۔نیز اس پرچہ کی معروضی (MCQs) Key کی بابت تصدیق کی جاتی ہے کہ اس میں بھی کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔ مزید یہ کہ ہم نے Key بنانے سے متعلق دفتر کی جانب سے تیار کردہ ہدایات وصول کرکے ان کا بغور مطالعہ کرلیا ہے اور ان کی روشنی میں Key بنائی ہے۔نیز سب ایگزامینرز کیلئے تفصیلی مارکنگ ہدایات/مارکنگ سکیم/Rubrics بھی تیار کردی گئی ہیں۔

Prepared & Checked By: **Dated:** 05-08-2021

S.#	Name	Designation	Institution	Mobile No	Signature
1	Dr. Muhammad Abrar	Professor	Emerson University Multan	0333-6102985	[signature]
2	DR. Riaz Hussain	A.P. Urdu	Govt. Associate college civil lines Multan	0321-6396971	[signature]
3					

Re-Checked By ہم نے درج بالا سوالیہ پرچہ(انشائیہ+معروضی)،معروضی "Key" اور ہدایات کے حوالہ سے مکمل طور پر تسلی کرلی ہے۔کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔

S.#	Name	Designation	Institution	Mobile No	Signature
1					
2					

تاریخ 05-08-2021